فروری 2022	B.Ed Regular (ریگولر) بی۔ایڈ	پہلا سمسٹر I Semester

پرچہ : سماجی مطالعہ کی تدریس

Paper - B9ED103DST : Pedagogy of Social Studies

گھنٹے **3** Hrs : وقت : Time	Maximum. Marks **70 :** جملہ نشانات

ہدایات:

یہ پرچہ سوالات دو حصوں پر مشتمل ہے: حصہ اول اور حصہ دوم۔ ہر جواب کے لیے لفظوں کی تعداد اشارۃً ہے۔ تمام حصوں سے سوالوں کا جواب دینا لازمی ہے۔

1. حصہ اول میں 10 سوالات ہیں، اس میں سے طالب علم کو کوئی 08 سوالوں کے جواب دینے ہیں۔ ہر سوال کا جواب تقریباً سو (100) لفظوں پر مشتمل ہے۔ ہر سوال کے لیے 05 نمبرات مختص ہیں۔ **(8 x 5 = 40 Marks)**
2. حصہ دوم میں 05 سوالات ہیں۔ اس میں سے طالب علم کو کوئی 03 سوال کا جواب دینا ہے۔ سوال کا جواب تقریباً ڈھائی سو (250) لفظوں پر مشتمل ہے۔ سوال کے لیے 10 نمبرات مختص ہیں۔ **(10x3 = 30 Marks)**

حصہ اول

1. قومی درسیات کا خاکہ (National Curriculum Framework)2005 کے حوالے سے ثانوی تدریس سے متعلق سفارشات بیان کریں۔
2. خرد تدریس سے آپ کیا سمجھتے ہیں؟ متعلم استاد کو اس سے کیسے مدد ملتی ہے؟ وضاحت کیجیے۔
3. سماجی علوم کتب خانہ پر مختصر نوٹ لکھیں۔
4. سماجی علوم کا مفہوم بیان کرتے ہوئے اس کی افادیت بیان کریں۔
5. سماجی علوم کی تدریسی اقدار بیان کریں۔
6. سماجی علوم کی تدریس سے متعلق کسی دو طلبا مرکوز طرز رسائی کو تفصیل سے بیان کیجیے۔
7. سماجی علوم کی تدریس میں فیلڈ ٹریپ کی افادیت بیان کریں۔
8. تقویت کی مہارت کی وضاحت کرتے ہوئے مفید مثالیں پیش کریں۔
9. دماغی جدوجہد (Brain Storming) اور ذہنی نقشے (Concept Mapping) تکنیکوں سے کیا مراد ہے؟ واضح کریں۔
10. فطری اور سماجی سائنس میں کیا فرق ہے؟ واضح کریں

حصہ دوم

11. سماجی علوم کی تدریس کے مقاصد اور افادیت پر بحث کیجیے۔
12. بحیثیت سماجی علوم تدریس کے استاد، سماجی علوم کے تدریسی وسائل کے استعمال میں آنے والی دشواریوں کو کس طرح حل کریں گے؟
13. پیشہ ورانہ ترقی سے آپ کیا سمجھتے ہیں؟ اس کی ضرورت اور اس کے مختلف مراحل کو تفصیل سے بیان کریں۔
14. منصوبہ سبق سے آپ کیا سمجھتے ہیں؟ اس کی ضرورت اور افادیت کی وضاحت کریں۔
15. اساتذہ مرکوز طرز رسائی سے آپ کیا سمجھتے ہیں؟ ایسے کسی دو طرز رسائیوں کو تفصیل سے بیان کیجیے۔

☆☆☆